ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

**MAR-2009**


**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**24-MARCH-2009 KASHMIR UZMA**

# نکاح کی ایک اور سادہ تقریب

سرینگر//آسان نکاح اور سادہ شادی بہت ہی زیادہ برکتوں کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے اس سال یعنی 2009 کی پہلی نکاح مجلس مورخہ 23 مارچ سوموار 2009 کو سرینگر کے تبلیغی مرکز رنگر مسجد نائد کدل سرینگر میں بعد نماز ظہر منعقد ہوئی۔ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی طرف سے ایک بیان کے مطابق جس میں کئی معزز حضرات اور نوجوان نے شرکت کی۔ مجلس میں لطیف احمد بٹ (گندر پورہ عیدگاہ سرینگر) کا نکاح محترمہ کوثر جان صاحبہ دختر غلام رسول نظرا (مخدوم منڈو نائد کدل سرینگر) کے ساتھ نقدی مہر کے عوض پڑھا گیا۔ یہ نکاح ہمسفر کے چیرمین نے پڑھایا۔ اس نکاح میں لڑکے والوں اور لڑکی والوں نے ہمسفر کے اصلاح پروگرام کے ساتھ مکمل تعاون کر کے ہر قسم کی بری رسم اسراف، نام ونمود، نا جائز لین دین، ناچ ونغمہ اور غیر شرعی حرکات سے اجتناب کیا۔ نکاح مجلس میں ہمسفر کے شادیوں کے بارے میں اصلاحی پروگرام کی کامیابیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے چیرمین نے کہا کہ کشمیر میں اب زیادہ سے زیادہ لوگ اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ انجام دینے کو عملی طور پر تیار ہو رہے ہیں جس کیلئے لوگوں کی ایک بڑی تعداد ہمسفر کے دفتر کی طرف رجوع کررہی ہے۔ اور انشا اللہ تعالیٰ آنے والے مہینوں میں ہمسفر کی طرف سے درجنوں سادہ شادیاں انجام دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں اب شادیوں میں فضول خرچی، نام ونمود، ناجائز لین دین اور دیگر غیر شرعی رسومات انجام دینے والوں کو بہت ہی بری نظروں سے دیکھا جانے لگا ہے اور انہیں سماج کو برباد کرنے والوں میں شمار کیا جانے لگا ہے۔ جب کہ سادگی کے ساتھ شادیاں انجام دینے والوں کو ہر ہر طرف سے خوب پذیرائی کی جاتی ہے اور سماج میں انہیں وقار اور قدر کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے۔

Kashmir Uzma (Dated:- 24-03-09)

**24 MARCH 2009 GREATER KASHMIR**

# Hamsafar marriage cell's function

SRINAGAR: This year's first function to solemnize marriages by Hamsafar Marriage Counselling Cell was held Monday at Ranger Masjid, Naid Kadal where a couple performed Nikkah with simplicity.

A handout from the organization said it would continue to hold more such events were couples could solemnize marriage with simplicity "in the absence of evils like extravagance and dowry."

DESIGNED BY SYED IMRAN ALI HAMDANI

Greater Kashmir
(Dated:- 24-03-09).

**25 MARCH 29009 AFTAB**

"AFTAB" (Dated :- 25-03-09)

# رنگر مسجد نائدکدل میں ہوئی نکاح مجلس کا فیض عام ہوگیا

## ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

۲۳؍مارچ سوموار ۲۰۰۹ء کو جو بہت ہی سادہ اور مسنون نکاح مجلس سرینگر کے تبلیغی مرکز رنگر مسجد نائدکدل سرینگر میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، جس میں جناب لطیف احمد (گندر پورہ عیدگاہ) کا نکاح محترمہ کوثر جان کے ساتھ پڑھا گیا، ان کا فیض اور فائدہ لوگوں کو بہت زیادہ پہنچا اور پہنچ رہا ہے، اس نکاح مجلس میں اسلامک دعوت سینٹر اور ہمسفر میریج سیل کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب نے جس انداز سے اور جس دلسوزی کے ساتھ آسان نکاح اور سادہ شادی بہت ہی زیادہ برکتوں والی موضوع پر بیان فرمایا اور جن اہم ترین مسائل پر گفتگو فرمائی اس سے حاضرین مجلس کو بہت زیادہ نفع ہوا، اور کئی غلط چیزوں کی اصلاح بھی ہوئی، بیان میں محترم فیاض احمد صاحب نے خواتین اور نوجوان لڑکیوں سے متعلق دینی مسائل پر گفتگو فرمائی، اس سے خواتین کے ساتھ ساتھ مردوں کو بھی بہت راہنمائی اور واقفیت ہوئی اور نکاح مجلس میں شریک مسجد کی اُپر والی منزل میں خواتین اور نوجوان لڑکیوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے اس کو بہت زیادہ سراہا، اس نکاح مجلس سے متاثر ہونے والے کئی والدین نے اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ اور سنت کے مطابق انجام دینے کیلئے فوری طور ہمسفر میریج سیل کے دفتر کاک سرائے کے ساتھ رابطہ قائم کیا اور رجسٹریشن کرانے کیلئے نکاح فارم حاصل کئے، نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق آسان بنانے پر ہم ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعوت سینٹر اور ہمسفر کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب اور ان کے ساتھیوں کی اس سلسلے میں جدوجہد اور محنت کی قبولیت بارگاہ الٰہی میں ہونے کیلئے دعا کرتے ہیں۔

ازطرف، شرکائے نکاح مجلس، غلام محمد خان (کنہ دیور حول)، اعجاز احمد بٹ (زینہ کدل) محمد لطیف ڈار (حبہ کدل)، شبیر احمد وانی (نائدکدل)، نثار احمد قریشی (صورہ)، شوکت احمد شاہ (خانیار) وغیرہ

**25 MARCH 2009 Kashmir Uzma**

Kashmir Uzma Dated 25-03-09

# رنگر مسجد نائدکدل میں ہوئی نکاح مجلس کا فیض عام ہوگیا

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

مورخہ 23 مارچ سوموار 2009 کو جو بہت ہی سادہ اور مسنون نکاح مجلس سرینگر کے تبلیغی مرکز رنگر مسجد نائدکدل سرینگر میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ جس میں جناب لطیف احمد (گندرپورہ عیدگاہ) کا نکاح محترمہ کوثر جان کے ساتھ پڑھا گیا۔ اس کا فیض اور فائدہ لوگوں کو بہت زیادہ پہنچا اور پہنچ رہا ہے۔ اس نکاح مجلس میں اسلامک دعوت سینٹر اور ہمسفر میرج سیل کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب نے جس انداز سے اور جس دلسوزی کے ساتھ آسان نکاح اور سادہ شادی بہت ہی زیادہ برکتوں والی موضوع پر بیان فرمایا اور جن اہم ترین مسائل پر گفتگو فرمائی، اس سے حاضرین مجلس کو بہت زیادہ نفع ہوا، اور کئی غلط چیزوں کی اصلاح بھی ہوئی۔ بیان میں محترم فیاض احمد صاحب نے خواتین اور نوجوان لڑکیوں سے متعلق دینی مسائل پر جو گفتگو فرمائی، اُس سے خواتین کے ساتھ ساتھ مردوں کو بھی بہت رہنمائی اور وقفیت ہوئی اور نکاح مجلس میں شریک مسجد کی اُوپر والی منزل میں خواتین اور نوجوان لڑکیوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے اس کو بہت زیادہ سراہا ہے۔ اس نکاح مجلس سے متاثر ہونے والے کئی والدین نے اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ اور سنت کے مطابق انجام دینے کیلئے فوری طور ہمسفر میرج سیل کے دفتر کاک سرائے کے ساتھ رابطہ قائم کیا اور رجسٹریشن کرانے کیلئے نکاح فارم حاصل کئے۔ نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق آسان بنانے پر ہم ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعوت سینٹر اور ہمسفر کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب اور اُن کے ساتھیوں کی اس سلسلے میں جدوجہد محنت کی قبولیت بارہ گاہ الٰہی میں ہونے کیلئے دعا کرتے ہیں۔

ازطرف۔ شرکائے نکاح مجلس: غلام محمد خان (کنہ دیورحول) اعجاز احمد بٹ (زینہ کدل) محمد لطیف ڈار (حبہ کدل)
شبیر احمد وانی (نائدکدل)، نثار احمد قریشی (صورہ) شوکت احمد شاہ (خانیار) وغیرہ